جنرل ہسپتال میں بریسٹ
سکریننگ سنٹر کا افتتاح

لاہور (اپنے سٹاف رپورٹر سے) خاتون اول بیگم ثمینہ عارف علوی نے پیر کے روز لاہور جنرل ہسپتال میں بریسٹ کینسر اور جینیٹک بریسٹ سکریننگ سنٹر کا افتتاح کیا۔ پرنسپل پی جی ایم آئی وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر الفرید ظفر نے معزز مہمانوں کا استقبال کرتے ہوئے انہیں مختلف شعبوں پر بریفنگ دی۔ بیگم ثمینہ عارف علوی نے کہا چھاتی کا کینسر مہلک بیماری ہے اور اس کے خلاف جنگ جیتنے کے لئے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔ خاتون اول نے کہا اگر ابتدائی مرحلے میں تشخیص اور علاج کرلیا جائے تو 90 فیصد سے زائد مریض صحت یاب ہوسکتے ہیں اور ان کی شرح اموات میں بھی کمی لائی جاسکتی ہے۔

بیگم ثمینہ عارف علوی، پروفیسر الفرید ظفر اور دیگر جنرل ہسپتال میں بریسٹ سکریننگ سنٹر کا افتتاح کرنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں